کَفَن

کاٹنے کے 7 مَراحِل

21-August-2019

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

کَفَن کاٹنے کے 7 مَراحِل

﴾1﴿ کَفَن کے لیے تقریباً پونے دوگز چوڑائی کا، سات میٹر کپڑا لیجئے۔

﴾2﴿ ایک کپڑا میِّت کے قد سے اتنا زیادہ کاٹئے کہ لپیٹنے کے بعد سر اور پاؤں کی طرف سے باندھا جاسکے (اسے لفافہ کہتے ہیں)۔

﴾3﴿ دوسرا کپڑا میِّت کے قد برابر کاٹئے (اسے اِزار یا تہبند کہتے ہیں)۔

﴾4﴿ قمیض کے لیے کپڑے کو مَیِّت کی گردن سے گُھٹنوں کے نیچے تک ناپئے اور اب اسے ڈبل (دوہرا) کر کے کاٹئے تاکہ آگے اور پیچھے کی جانب لمبائی (Length) ایک ہو اور چوڑائی (Width) دونوں کندھوں کے برابر رکھیے، اس میں چاک اور آستینیں نہیں ہوتیں۔

﴾5﴿ مَرد کی قمیض (کَفْنی) میں گلا بنانے کے لیے درمیان سے، کندھوں کی جانب اور عورت کی قمیض کے لیے سینے کی جانب اتنا چِیرا (Cut) لگائیے کہ قمیض پہناتے وقت گردن سے باآسانی گزر جائے۔ (مَرد کے لیے کَفنِ سنت میں یہی تین کپڑے ہیں جبکہ عورت کے لیے دو کپڑے اَور ہیں، سینہ بند اور اَوڑھنی۔)

﴾6﴿ سینہ بند کے لیے کپڑے کی لمبائی سینے سے ران تک رکھیے۔

﴾7﴿ اَوڑھنی کے لیے کپڑا لمبائی (Length) میں اتنا کاٹئے کہ آدھی پُشت (یعنی کمر) کے نیچے سے بِچھا کر سَر سے لاتے ہوئے چہرہ ڈھانپ کر سینے تک آجائے اور چوڑائی (Width) ایک کان کی لَو (Earlobe) سے دوسرے کان کی لَو تک ہو۔ (یہ عموماً ڈیڑھ گز (1.50Yard) ہوتی ہے)

مجلس کفن دفن دعوتِ اسلامی

نوٹ

﴾1﴿ مکتبۃ المدینہ سے ملنے والے کفن کا عرض تقریباً پونے دوگز ہوتا ہے اور قمیض کی چوڑائی ایک کندھے سے دوسرے تک ہوتی ہے لہٰذا اس چوڑائی سے کپڑا بچ جاتا ہے، اس بچے ہوئے کپڑے سے عورت کا سینہ بند اور اوڑھنی بنائیے۔

﴾2﴿ اگر کوئی عیب نہیں ہے تو کٹا ہوا کفن مکتبۃ المدینہ واپس نہیں لے گا۔

﴾3﴿ مکتبۃ المدینہ سے غسلِ میِّت سامان کا پیکٹ جس میں عہد نامہ، اگربتیاں، کافور، عطر، صابن، سرجیکل دستانے، فضائلِ آفات پمفلٹ، تجہیز و تکفین کارڈ، رسالہ "ایصالِ ثواب کا طریقہ" کفن کے لیے چار انمول تحفے (پمفلٹ) مفید سامان قیمتاً حاصل کریں۔

﴾4﴿ کَفَن دفْن کا طریقہ، غسل و کفن کی تیاری کے لیے کیا کریں، غسلِ میِّت اور نمازِ جنازہ کا طریقہ جاننے کے لیے مکتبۃ المدینہ سے تجہیز و تکفین کارڈ قیمتاً حاصل کیجیے اور مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے نمازِ جنازہ اور سوئم وغیرہ میں تقسیم کیجیے۔

﴾5﴿ کفن دفن کے ضروری مسائل جاننے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "تجہیز و تکفین کا طریقہ" قیمتاً حاصل کیجیے۔

مکتبۃ المدینہ دعوتِ اسلامی



فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، بابُ المدینہ (کراچی)
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net

www.dawateislami.net